CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 02 NOV 20

Page No. 1

قلم اور کاغذ کا رشتہ انسان سے جلد ختم ہونیوالا ہے، گورنر

ٹیکس آمدن کا معاشی نظام میں اہم کردار، بی آر اے کی کامیابی شفافیت کی بنیاد پر قائم ہے، گفتگو

کوئٹہ (خ ن) گورنر جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ ٹیکس کی آمدنی کسی بھی ملک کے معاشی نظام کی جان ہوتی ہے۔ عوام کا ٹیکس ہی حکومتوں کے ضروری بنیادی ڈھانچے، ترقیاتی منصوبوں اور سماجی بہبود کے پروگراموں پر خرچ ہوتا ہے۔ اس ضمن میں بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے صوبے کی تاریخ میں پہلی مرتبہ 27 بلین ٹیکس جمع کر کے تاریخ رقم کی ہے، جس کیلئے چیئرمین بی آر اے نورالحق بلوچ اور ان کی پوری ٹیم خراج تحسین کی مستحق ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس میں چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی نورالحق بلوچ کے ساتھ ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ملاقات میں پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر ہاشم غلزئی بھی موجود تھے۔ اس موقع پر گورنر نے کہا کہ موجودہ دور ڈیجیٹل انفارمیشن ٹیکنالوجی کا ہے اور انسانی تاریخ میں پہلی مرتبہ انسان کا رشتہ قلم اور کاغذ سے ختم ہونے والا ہے۔ اس سلسلے میں تمام محکموں کی کمپیوٹرائزیشن سے اچھی طرز حکمرانی اور انتظامی کارکردگی میں بہتری لائی جا سکتی ہے۔ اسکے علاوہ اداروں میں ذمہ داری، احتساب اور شفافیت کے عمل کو تقویت ملے گی۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ یہ جان کر خوشی ہوئی کہ بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی کامیابی ذمہ داری، احتساب اور شفافیت کی بنیادوں پر قائم ہے۔

کوئٹہ: گورنر جعفر مندوخیل سے حاجی لشکری رئیسانی کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

MASHRIQ QUETTA

موجودہ دور ڈیجیٹل انفارمیشن کا ہے، انسان کا رشتہ قلم اور کاغذ سے ختم ہونے والا ہے، گورنر

تمام محکموں کی کمپیوٹرائزیشن سے اچھی طرز حکمرانی اور انتظامی کارکردگی میں بہتری لائی جا سکتی ہے، جعفر خان مندوخیل

بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے صوبے کی تاریخ میں پہلی مرتبہ 27 بلین ٹیکس جمع کر کے نئی تاریخ رقم کی ہے، چیئرمین نورالحق بلوچ سے ملاقات میں گفتگو

کوئٹہ (ش ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ ٹیکس کی آمدنی کسی بھی ملک کے معاشی نظام کی جان ہوتی...... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

ہے عوام کے ٹیکس ہی حکومتوں کو ضروری بنیادی ڈھانچے، ترقیاتی منصوبوں اور سماجی بہبود کے پروگراموں پر خرچ ہوتی ہے اس ضمن میں بلوچستان ریونیو اتھارٹی (بی آر اے) نے صوبے کی تاریخ میں پہلی مرتبہ 27 بلین ٹیکس جمع کر کے ایک نئی تاریخ رقم کی ہے جس کیلئے چیئرمین بی آر اے نورالحق بلوچ اور ان کی پوری ٹیم خراج تحسین کی مستحق ہے۔ بلاشبہ ان کی انتھک کوششوں نے ہمیں اپنے ترقیاتی اہداف کے قریب لایا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے آج گورنر ہاؤس کوئٹہ چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی نورالحق بلوچ کے ساتھ ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا

اقلیتی برادری کا پاکستان کی تعمیر و ترقی میں کلیدی کردار، گورنر، وزیراعلیٰ

اقلیتوں کو مذہبی آزادی حاصل، دنیا بھر کے ہندوؤں کو دیوالی پر مبارکباد پیش کرتے ہیں، جعفر مندوخیل

ہم اقلیتوں کو خود سے الگ نہیں سمجھتے، بخت کماری کی سرفراز بگٹی سے ملاقات، وزیراعلیٰ نے دیوالی کا کیک کاٹا

کوئٹہ (خ ن + آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پارلیمانی سیکرٹری مذہبی امور بخت کماری کی سربراہی میں اقلیتی نمائندہ وفد نے ملاقات کی اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے اقلیتی برادری کو دیوالی کی مبارکباد دیتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور اقلیتی رکن اسمبلی و وفد کے ہمراہ دیوالی کا کیک کاٹا اس موقع پر صوبائی وزیر میر ظہور بلیدی...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 2 پر

اکبر ہم صوبہ، رکن صوبائی اسمبلی میر زابد ریکی بھی موجود تھے، اقلیتی وفد سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ محب وطن اقلیتی برادری نے ہمیشہ پاکستان کی تعمیر و ترقی میں اپنا کلیدی کردار ادا کیا ہے بلوچستان میں تمام اقلیتیں مقامی افراد کے ساتھ کئی نسلوں سے غم و خوشی اور معاشرتی رہن و سہن میں برابر کی شریک رہتی ہیں ہم اقلیتوں کو خود سے الگ نہیں سمجھتے انہوں نے کہا کہ اقلیتوں کی فلاح و بہبود کیلئے صوبائی بجٹ میں غیر معمولی وسائل مختص کئے گئے ہیں، بلوچستان کی تاریخ میں پہلی بار شروع کئے گئے بینظیر بھٹو اسکالرشپ پروگرام میں سالانہ 100 نشستیں اقلیتوں کیلئے مختص کی گئی ہیں اس کے علاوہ تاریخی ہنگلاج مندر سمیت اقلیتوں کی مذہبی عبادت گاہوں اور کمیونٹی ہالز کی تعمیر و مرمت کے منصوبے ترقیاتی منصوبوں کا حصہ ہیں اقلیتی وفد نے وزیراعلیٰ بلوچستان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اقلیتوں کی فلاح و بہبود کیلئے تشکیل دیئے گئے اقدامات پر اطمینان و مسرت کا اظہار کیا دریں اثناء گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے ہندو کمیونٹی کو ان کے مذہبی تہوار دیوالی کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ میری طرف سے دنیا بھر کے ہندوؤں کو مذہبی تہوار کی خوشیاں مبارک ہوں۔

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی نورالحق بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے نوابزادہ لشکری رئیسانی کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

CamScanner

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily: Balochistan Time Quetta
Bullet No. 1
Dated: 02 NOV 2024 Page No. 2

QUETTA: Balochistan Governor Jafar Khan Mandukhel talking to a delegation of Pakistan Workers Federation led by Pir Muhammad Kakar on Friday.

Mastung tragic bomb blast condemnable

Tax revenue lifeblood of country's economic system: Governor

Staff Report

QUETTA: Balochistan Governor Jafar Khan Mandukhel has condemned the tragic bomb blast that took place near the school in Mastung in which the bodies of policemen and the lives of innocent school children were lost.

Expressing deep grief and sorrow over the incident, he emphasized that the anti-social elements involved in this attack do not deserve any concession. Governor Mandukhel urged the law enforcement agencies to arrest the involved persons as soon as possible and bring them to justice. He gave special instructions to provide all medical facilities to the injured children immediately. Expressing sympathy and solidarity with the families of the martyred and injured children, Governor Balochistan said that we are all equal participants in your grief.

Meanwhile, while talking to Governor House Quetta Chairman Balochistan Revenue Authority Noorul Haque Baloch, Governor Balochistan said that tax revenue is the lifeblood of any country's economic system. Taxes of the people are what governments spend on essential infrastructure, development projects and social welfare programs. In this regard, he said that Balochistan Revenue Authority (BRA) has created a new history by collecting 27 billion tax for the first time in the history of the province for which Chairman BRA Noorul Haq Baloch and his entire team deserved tribute. Principal Secretary to Governor Balochistan Hashim Khan Ghalzai was also present in the meeting. Governor Balochistan said that the present era is the era of digital information technology and for the first time in human history, the relationship of man with pen and paper is going to end. In this regard, good governance and administrative efficiency can be improved by computerization of all departments. Apart from this, the process of responsibility, accountability and transparency will be strengthened in the institutions. Governor Mandukhel said that he is happy to know that the success of Balochistan Revenue Authority is based on responsibility, accountability and transparency.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No 1

Page No. 3

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

ہفتہ 29 ربیع الثانی 1446ھ 2 نومبر 2024ء جلد 53 نمبر 301

دہشتگردوں نے ایک بار پھر معصوم بچوں کو نشانہ بنایا، وزیراعلیٰ

اقلیتوں کو کبھی الگ نہیں سمجھتے

بزدلانہ حرکتوں سے خوفزدہ ہو کر تعلیمی ادارے ویران نہیں ہونے دیں گے، سرفراز بگٹی کا طالبات میں لیپ ٹاپ کی تقسیم کے موقع پر خطاب

بلوچستان میں اقلیتیں مقامی افراد کے ساتھ غم و خوشی میں برابر کی شریک رہتی ہیں، وفد سے گفتگو، دیوالی کی مبارکباد، کیک بھی کاٹا گیا

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ دہشت گردوں نے ایک بار پھر معصوم بچوں کو ٹارگٹ کر کے ... دہشت گردی کی ...

کوئٹہ: وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی گرلز پوسٹ گریجویٹ کالج میں تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

طالبات ... عوام کو خوفزدہ نہیں ... دہشت گردوں ... نشانہ بنانے والوں کی بزدلانہ حرکتوں سے خوفزدہ ہو کر تعلیمی ادارے ویران نہیں ہونے دیں گے ... کے تمام تعلیمی اداروں میں ... مواقع فراہم کر رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو گرلز پوسٹ گریجویٹ کالج میں طالبات کو لیپ ٹاپ فراہمی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے گرلز کالج میں ... لیب کے قیام اور ... لیپ ٹاپ کی فراہمی کا اعلان بھی کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کی بچیوں کو خود مختار ... ترقی کے مواقع ... چاہتے ہیں ... طالبات کو لیپ ٹاپ فراہمی کا اعلان کیا تھا آج اس وعدے کی تکمیل ہو رہی ہے ... سے منسوب ... بلاک کی تعمیر پر بھی جلد کام شروع کروایا جائے گا اور یہ ایک سال کے اندر اندر پایۂ تکمیل تک پہنچایا جائے گا، ہماری خواہش ہے کہ یہ ادارہ صوبے کا مثالی تعلیمی ادارہ بنے، اس مقصد کیلئے مکمل سرپرستی کریں گے، طالبات محنت کریں اور پوری لگن سے اپنے روشن مستقبل کی تعمیر کرتے ہوئے پوری دنیا میں پاکستان اور بلوچستان کا نام روشن کریں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ہم اپنے نوجوانوں کو تعلیم یافتہ اور معاشرے کا باوقار فرد بنانا چاہتے ہیں دوسری جانب دہشت گرد نوجوانوں کو ورغلا کر ریاست کے خلاف زہر بھر رہے ہیں اور انہیں خودکش بنا رہے ہیں، فیصلہ بلوچستان کی عوام اور نوجوانوں نے کرنا ہے کہ وہ کیسا مستقبل چاہتے ہیں ہم تعلیم اور شعور کے ذریعے دہشت گردوں کو شکست دیں گے۔ مستونگ واقعہ کے رد میں ہر طالب واضح پیغام دے کہ بلوچستان کے نوجوان دہشت گردی کو مسترد کرتے ہوئے ایسی ہر تخریبی سرگرمیوں کی مذمت کرتے ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ پہاڑوں پر بیٹھے دہشت گرد نوجوانوں کو بلوچستان کی پسماندگی کے نام پر ورغلاتے ہیں اور سوشل میڈیا کے ذریعے نوجوانوں کو گمراہ کرنے کے حربے استعمال ہوتے ہیں، ریاست کے خلاف منظم مہم چلائی جاتی ہے جس کی ایک مثال گزشتہ دنوں جھل مگسی تعلیمی ... کانفرنس کے دوران ایک طالب سے منسوب بیان کو بے بنیاد سوشل میڈیا پروپیگنڈا بھی ہے جس کا حقیقت سے کوئی وجود نہیں تھا یہ صرف ملک کو بدنام کرنے کی ایک سازش تھی۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں تعلیمی ترقی کے لئے پہلی بار بینظیر بھٹو اسکالرشپ پروگرام شروع کیا گیا ہے جس کے تحت میٹرک تا پی ایچ ڈی طالب علموں کو اعلیٰ تعلیم کے بھرپور مواقع فراہم کئے جا رہے ہیں اس پروگرام میں شہداء اور اقلیتوں کے لئے بھی غیر معمولی کوٹہ مختص کیا گیا ہے، دو سال بعد ہم اپنے عہدوں پر نہیں ہوں گے لیکن اقلیتوں سمیت بلوچستان کے ہزاروں طالب علم دنیا بھر کے تعلیمی اداروں میں زیور تعلیم سے آراستہ ہو رہے ہوں گے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کا سب سے بڑا مسئلہ کرپشن کا ہے رشوت خوری اور کرپشن کو روک کر ترقی کے ثمرات عام بلوچستانی تک پہنچانے ہوں گے گڈ گورننس کے ذریعے سرکاری اداروں پر عوام کا اعتماد بحال کرکے ہی مسائل کا پائیدار حل ممکن ہے روز اول ہم نے اسمبلی فلور پر واضح کیا تھا کہ بلوچستان میں اب کوئی نوکری نہیں بکے گی الحمدللہ ہم اپنی بات پر قائم ہیں اور ہماری بھرپور کوشش ہے کہ کرپشن کی روک تھام کیلئے اقدامات کو بارآور بنایا جائے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ہمیں اپنی طالبات سے روشن مستقبل کی بہت سی امیدیں وابستہ ہیں اور ہم اپنی بچیوں کو بااختیار دیکھنا چاہتے ہیں اس وقت بلوچستان میں پانچ ڈپٹی کمشنرز اور ایک اسسٹنٹ کمشنر خواتین امور کی انجام دہی کر رہی ہیں اور اپنی صلاحیتوں سے انہوں نے اچھی ایڈمنسٹریٹرز ہونے کا کامل ثبوت دیا ہے۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Page No. 4

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونے والا واحد قومی روزنامہ
ABC CERTIFIED
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لیے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
جلد 53
125
قیمت 30 روپے
DC m-1124

سانحہ مستونگ: تعلیمی اداروں کو ویران نہیں ہونے دینگے، معصوم بچوں، بے گناہ شہریوں کے خون کا حساب لیا جائیگا: وزیراعلیٰ

پردل دکھی ہے

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سنچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 22 شمارہ 320 | ہفتہ 29 ربیع الثانی 2 نومبر 2024ء صفحات 8 قیمت 40 روپے

باہر بیٹھے دہشت گرد یہاں کے نوجوانوں کو ورغلا رہے ہیں، وزیراعلیٰ

مستونگ سانحے پر دکھی ضرور ہیں مگر دہشت گردی کے خلاف ہمارا عزم کمزور نہیں ہوگا، میر سرفراز بگٹی

گرلز ڈگری کالج کی طالبات میں لیپ ٹاپ تقسیم کرنے کی تقریب، 50 بک کوئز اور مزید لیپ ٹاپ کی فراہمی کا بھی اعلان

وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی گورنمنٹ گرلز پوسٹ گریجویٹ کالج میں تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

اقلیتوں نے ملکی ترقی میں اہم کردار ادا کیا، سرفراز بگٹی

حکومت اقلیتوں کی فلاح و بہبود کیلئے اقدامات کر رہی ہے، اقلیتی وفد سے گفتگو

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اراکین اسمبلی و پارلیمانی سیکرٹری اقلیتی امور بجے کمار و اقلیتی رہنماؤں کے ہمراہ دیوالی کے موقع پر کیک کاٹ رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 6

THE DAILY INTEKHAB

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

قیمت 30 روپے

www.dailyintekhab.pk

intekhabnews@gmail.com.

Quetta Ph.081-2822909

جلد نمبر 31 | بروز ہفتہ 2 نومبر 2024ء بمطابق 29 ربیع الثانی 1446ھ | شمارہ نمبر 301

گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج کی طالبات میں لیپ ٹاپ تقسیم

کالج میں ہائی ٹیک لیب اور بچیوں کو 50 پنک اسکوٹیز اور میرٹ پر مزید لیپ ٹاپ فراہم کریں گے، وزیراعلیٰ

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ دہشت گردوں نے ایک بار پھر معصوم بچوں کو سافٹ ٹارگٹ سمجھ کر نشانہ بنایا واقعہ بزدلی ضرور ہے لیکن دہشت گردی کی جنگ کے خلاف ہمارا عزم کمزور نہیں ہوا دہشت گردوں کا مقابلہ کریں گے اور انکی بزدلانہ حرکتوں

بقیہ نمبر 57 صفحہ 5 پر

سے خوفزدہ ہو کر اپنے تعلیمی ادارے ویران نہیں ہونے دیں گے بلوچستان کے ذہین طالب علموں کو دنیا بھر کے مایہ ناز تعلیمی اداروں میں تعلیمی مواقع فراہم کر رہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو گورنمنٹ گرلز پوسٹ گریجویٹ ڈگری کالج کوئٹہ میں طالبات کو لیپ ٹاپ فراہمی کی پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے گرلز کالج میں ہائی ٹیک لیب کے قیام، بچیوں کو 50 پنک اسکوٹیز اور میرٹ پر مزید لیپ ٹاپ کی فراہمی کا اعلان بھی کیا، تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کی بچیوں کو خود اعتمادی دیکر انہیں تعلیم و ترقی کے اعلیٰ مواقع دینا چاہتے ہیں چالیس روز قبل ہم نے طالبات کو لیپ ٹاپ فراہمی کا اعلان کیا تھا آج اس وعدے کی تکمیل ہو رہی ہے پروفیسر نائلہ طالب سے منسوب ٹیکنیکل بلاک کی تعمیر پر بھی جلد کام شروع کر دیا جائے گا۔

کوئٹہ: وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی گورنمنٹ گرلز پوسٹ گریجویٹ کالج کی طالبات میں لیپ ٹاپ تقسیم کررہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No 1   Page No 7

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی صدیق بلوچ

جلد نمبر-23 | ہفتہ 02 نومبر 2024ء بمطابق 29 ربیع الثانی 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر-299

دہشتگردوں نے مستونگ میں معصوم بچوں کو سافٹ ٹارگٹ سمجھ کر نشانہ بنایا، مذموم عزائم رکھنے والوں کو کیفر کردار تک پہنچائیں گے

دہشت گردی کی بیخ کنی کے خلاف ہمارا عزم کم نہیں ہوا دہشت گردوں کا مقابلہ کریں گے اور ایسی بزدلانہ حرکتوں سے خوفزدہ ہو کر اپنے تعلیمی ادارے ویران نہیں ہونے دیں گے

بلوچستان کے ذہین طالب علموں کو دنیا بھر کے مایہ ناز تعلیمی اداروں میں تعلیمی مواقع فراہم کر رہے ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

بلوچستان کی بچیوں کو خود مختار بنانے اور انہیں تعلیم و ترقی کے یکساں مواقع دینا چاہتے ہیں پالیسی کے تحت ہم نے طالبات کو لیپ ٹاپ فراہمی کا اعلان کیا تھا آج اس وعدے کی تکمیل ہو رہی ہے، خطاب

(بقیہ نمبر 9 صفحہ نمبر 2 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان سے سنجے کمار کی سربراہی میں اقلیتی نمائندہ وفد کی ملاقات

اقلیتی برادری نے ہمیشہ پاکستان کی تعمیر و ترقی میں اپنا کلیدی کردار ادا کیا، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پارلیمانی سیکرٹری مذہبی امور سنجے کمار کی سربراہی میں اقلیتی نمائندہ وفد نے ملاقات کی اس موقع پر وزیراعلیٰ

(بقیہ نمبر 33 صفحہ نمبر 2 پر)

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر

جلد	Ph :2839851	FaX:2839867	قیمت	MEMBER OF APNS	شمارہ
27	ہفتہ 2 نومبر 2024ء / 29 ربیع الثانی / 1446ھ		10 روپے	رجسٹرڈ ایل سی ایل-10	261

دہشتگرد نوجوانوں کو ورغلا کر ریاست کیخلاف زہر بھر رہے ہیں، سرفراز بگٹی

دہشت گردوں نے ایک بار پھر معصوم بچوں کو سافٹ ٹارگٹ بنا کر نشانہ بنایا واقعہ پر دکھی ضرور ہیں، ہمارا عزم کمزور نہیں ہوا، تعلیمی ادارے ویران نہیں ہونے دیں گے

دہشتگرد نوجوانوں کو بلوچستان کی پسماندگی کے نام پر ورغلاتے ہیں، سب سے بڑا مسئلہ کرپشن، اب کوئی نوکری نہیں بکے گی، خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ دہشت گردوں نے ایک بار پھر معصوم بچوں کو سافٹ ٹارگٹ بنا کر نشانہ بنایا واقعہ پر دکھی ضرور ہیں لیکن دہشت گردی کی جنگ کے خلاف ہمارا عزم کمزور نہیں ہوا دہشت گردوں کا مقابلہ کریں گے اور ایسی بزدلانہ حرکتوں سے خوفزدہ ہوکر اپنے تعلیمی ادارے ویران نہیں ہونے دیں گے بلوچستان کے ذہین طالب علموں کو دنیا بھر کے مایہ ناز تعلیمی اداروں میں تعلیمی مواقع فراہم کر رہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو گورنمنٹ گرلز پوسٹ گریجویٹ ڈگری کالج کوئٹہ میں طالبات کو لیپ ٹاپ فراہمی کی پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے گرلز کالج میں ہال تک لیب کے قیام، بچیوں کو 50 پنک اسکوٹیز اور مزید لیپ ٹاپ کی فراہمی کا اعلان بھی کیا، تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کی بچیوں کو خود اعتمادی دے کر انہیں تعلیم و ترقی کے اعلیٰ مواقع دینا چاہتے ہیں چالیس روز قبل ہم نے طالبات کو لیپ ٹاپ فراہمی کا اعلان کیا تھا آج اس وعدے کی تکمیل ہو رہی ہے پروفیسر تاج طالب سے منسوب لیکچر بلاک کی تعمیر پر بھی جلد کام شروع کروایا جائے گا اور یہ ایک سال کے اندر اندر پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے گا، ہماری خواہش ہے کہ یہ ادارہ صوبے کا مثالی تعلیمی ادارہ ہے اس مقصد کیلئے مکمل حکومتی سرپرستی کریں گے طالبات محنت کریں اور پوری لگن سے اپنے روشن مستقبل کی تگ و دو کرتے ہوئے پوری دنیا میں پاکستان اور بلوچستان کا نام روشن کریں، وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ہم اپنے نوجوانوں کو تعلیم یافتہ اور معاشرے کا باوقار فرد بنانا چاہتے ہیں دوسری جانب دہشت گرد نوجوانوں کو ورغلا کر ریاست کے خلاف زہر بھر رہے ہیں اور انہیں خودکش بنا رہے ہیں فیصلہ بلوچستان کی عوام اور نوجوانوں نے کرنا ہے کہ وہ کیسا مستقبل چاہتے ہیں ہم تعلیم و شعور کے ذریعے دہشت گردوں کو شکست دیں گے مستونگ واقعہ کے رد عمل میں ہر طالب واضح پیغام دے کہ بلوچستان کے نوجوان دہشت گردی کو مسترد کرتے ہوئے ایسی ہر تخریبی سرگرمیوں کی مذمت کرتے ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ باہر بیٹھے دہشت گرد نوجوانوں کو بلوچستان کی پسماندگی کے نام پر ورغلاتے ہیں اور سوشل میڈیا کے ذریعے نوجوانوں کو گمراہ کرنے کے حربے استعمال ہوتے ہیں ریاست کے خلاف منظم مہم چلائی جاتی ہے جس کی ایک مثال گزشتہ دنوں شمالی تعاون تنظیم کی عالمی کانفرنس کے دوران ایک طالبہ سے منسوب دیا جانے والا بے بنیاد سوشل میڈیا پروپیگنڈا بھی ہے جس کا مقصد کسی وجہ کے بغیر صرف ملک کو بدنام کرنے کی ایک سازش تھی، میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں تعلیمی ترقی کے لئے پہلی بار بینظیر بھٹو اسکالرشپ پروگرام شروع کیا گیا ہے جس کے تحت میٹرک تا پی ایچ ڈی طالب علموں کو اعلیٰ تعلیم کے بھرپور مواقع فراہم کئے جا رہے ہیں اس پروگرام میں پولیس شہداء اور اقلیتوں کے لئے بھی غیر معمولی کوٹہ مختص کیا گیا ہے دو سال بعد ہم اپنے عہدوں پر نہیں ہوں گے لیکن اقلیتوں سمیت بلوچستان کے سینکڑوں طالب علم دنیا بھر کے تعلیمی اداروں میں زیور تعلیم سے آراستہ ہو رہے ہوں گے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کا سب سے بڑا مسئلہ کرپشن کا ہے جس میں رشوت خوری اور کرپشن کو روک کر ترقی کے ثمرات عام بلوچستانی تک پہنچانے ہوں گے گڈ گورننس کے ذریعے سرکاری اداروں پر عوام کا اعتماد بحال کرکے ہی مسائل کا پائیدار حل ممکن ہے روز اول ہم نے اسمبلی فلور پر واضح کیا تھا کہ بلوچستان میں اب کوئی نوکری نہیں بکے گی الحمدللہ ہم اپنی بات کمٹمنٹ پر قائم ہیں اور ہماری بھرپور کوشش ہے کہ کرپشن کی روک تھام کیلئے اقدامات کو بارآور بنایا جائے، میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ہمیں اپنی طالبات سے روشن مستقبل کی بہت سی امیدیں وابستہ ہیں اور ہم اپنی بچیوں کو بااختیار دیکھنا چاہتے ہیں اس وقت بلوچستان میں پانچ ڈپٹی کمشنر اور ایک اسسٹنٹ کمشنر انتظامی امور کی انجام دہی کر رہی ہیں اور اپنی صلاحیتوں سے انہوں نے اچھی ایڈمنسٹریٹرز ہونے کا عملی ثبوت دیا ہے وہ دن بھی آئے گا جب بلوچستان کی وزیراعلیٰ ایک خاتون ہوں گی تقریب میں صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے بلوچستان میں تعلیمی ترقی اور اصلاحات کے لیے جاری اقدامات کو سراہا اور گورنمنٹ گرلز پوسٹ گریجویٹ ڈگری کالج کے تدریسی اسٹاف اور طالبات کیلئے لیپ ٹاپ کی فراہمی اور ادارے کی ترقی کے لئے مختلف ترقیاتی منصوبوں کے قیام کے اعلان پر مسرت کا اظہار کیا تقریب کے اختتام پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے پوزیشن ہولڈر طالبات کو لیپ ٹاپ دیئے جبکہ ادارے کی سابق سربراہ راحیلہ رمضان کی طویل تعلیمی خدمات کو سراہتے ہوئے انہیں بھی لیپ ٹاپ دیا تقریب میں طالبات نے لیپ ٹاپ کی فراہمی پنک اسکوٹیز کی فراہمی کے اعلان اور کالج میں ترقیاتی منصوبوں پر وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا شکریہ ادا کیا اور ان اقدامات کو تعلیم نسواں کی ترویج کی جانب تاریخی اور غیر معمولی اقدام قرار دیا۔

Website:www.dailymeezan.com | Facebook page/dailymeezan.official

Member APNS | مسلسل اشاعت کا 86 واں سال

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC Certified | بلوچستان کا کثیرالاشاعت اخبار

روزنامہ میزان کوئٹہ

بانی: مولانا عبدالکریم

بیاد: جمیل الرحمن

چیف ایڈیٹر: برکت علی

جلد 76 | ہفتہ 02 نومبر 2024ء، 29 ربیع الثانی 1446ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ 62

دہشت گردوں کا مقابلہ کریں گے، وزیراعلیٰ بلوچستان

دہشت گردوں نے ایک بار پھر معصوم بچوں کو سافٹ ٹارگٹ سمجھ کر نشانہ بنایا واقعہ پر دکھی ضرور ہیں لیکن دہشت گردی کی بیخ کنی کے خلاف ہمارا عزم کمزور نہیں ہوا ایسی بزدلانہ حرکتوں سے خوفزدہ ہو کر اپنے تعلیمی ادارے ویران نہیں ہونے دیں گے، میر سرفراز بگٹی

بلوچستان کے ذہین طالب علموں کو دنیا بھر کے مایہ ناز تعلیمی اداروں میں تعلیمی مواقع فراہم کر رہے ہیں، ہم اپنے نوجوانوں کو تعلیم یافتہ اور معاشرے کا باوقار فرد بنانا چاہتے ہیں دوسری جانب دہشتگرد نوجوانوں کو ورغلا کر ریاست کے خلاف زہر بھر رہے ہیں، تقریب سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ دہشت گردوں نے ایک بار پھر معصوم بچوں کو سافٹ ٹارگٹ سمجھ کر نشانہ بنایا واقعہ پر دکھی ضرور ہیں لیکن دہشت گردی کی بیخ کنی کے خلاف ہمارا عزم (بقیہ 2 صفحہ 2 پر)

کمزور نہیں ہوا دہشت گردوں کا مقابلہ کریں گے اور ایسی بزدلانہ حرکتوں سے خوفزدہ ہو کر اپنے تعلیمی ادارے ویران نہیں ہونے دیں گے بلوچستان کے ذہین طالب علموں کو دنیا بھر کے مایہ ناز تعلیمی اداروں میں تعلیمی مواقع فراہم کر رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو گورنمنٹ گرلز پوسٹ گریجویٹ ڈگری کالج کوئٹہ میں طالبات کو لیپ ٹاپ فراہمی کی پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے گرلز کالج میں آئی ٹی لیب کے قیام، بچیوں کو 50 پنک اسکوٹیز اور میرٹ پر مزید لیپ ٹاپ کی فراہمی کا اعلان بھی کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کی بچیاں کو خود انحصاری دیکر انہیں تعلیم و ترقی کے اعلیٰ مواقع دینا چاہتے ہیں پالیسی رول تھی ہم نے طالبات کو لیپ ٹاپ فراہمی کا اعلان کیا تھا آج اس وعدے کی تکمیل ہو رہی ہے پروفیسر ناصر طالب سے منسوب ٹیکنیکل بلاک کی تعمیر پر بھی جلد کام شروع کر دیا جائے گا اور یہ ایک سال کے اندر اندر پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے گا۔ ہماری خواہش ہے کہ یہ ادارہ صوبے کا مثالی تعلیمی ادارہ بنے اس مقصد کیلئے مکمل سرپرستی کریں گے طالبات محنت کریں اور پوری لگن سے اپنے روشن مستقبل کی تگ و دو کرتے ہوئے پوری دنیا میں پاکستان اور بلوچستان کا نام روشن کریں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ہم اپنے نوجوانوں کو تعلیم یافتہ اور معاشرے کا باوقار فرد بنانا چاہتے ہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی گورنمنٹ گرلز پوسٹ گریجویٹ کالج میں منعقدہ تقریب تقسیم لیپ ٹاپ سے خطاب کر رہے ہیں۔

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی گورنمنٹ گرلز پوسٹ گریجویٹ کالج کی طالبات میں لیپ ٹاپ تقسیم کر رہے ہیں۔

Daily Qudrat Quetta

قدرت کوئٹہ

جلد 20 | ہفتہ 02 نومبر 2024ء، 29 ربیع الثانی 1446ھ | شمارہ 207

دہشتگردوں نے ایک بار پھر معصوم بچوں کو نشانہ بنایا، سرفراز بگٹی

دہشت گردوں کا مقابلہ کریں گے اور ایسی بزدلانہ حرکتوں سے خوفزدہ ہوکر اپنے تعلیمی ادارے ویران نہیں ہونے دیں گے

ہم اپنے نوجوانوں کو تعلیم یافتہ اور معاشرے کا باوقار فرد بنانا چاہتے ہیں دوسری جانب دہشت گرد نوجوانوں کو ورغلا کر ریاست کے خلاف زہر بھر رہے ہیں

کوئٹہ (ق ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ دہشت گردوں نے ایک بار پھر معصوم بچوں کو سافٹ ٹارگٹ سمجھ کر نشانہ بنایا واقعہ پر دکھی ضرور ہیں لیکن دہشت گردی کی بیخ کنی کے خلاف ہمارا عزم کمزور نہیں ہوا دہشت گردوں کا مقابلہ کریں گے اور ایسی

بقیہ 28 صفحہ 6 پر

بزدلانہ حرکتوں سے خوفزدہ ہوکر اپنے تعلیمی ادارے ویران نہیں ہونے دیں گے بلوچستان کے ذہین طالب علموں کو دنیا بھر کے معیاری تعلیمی اداروں میں تعلیمی مواقع فراہم کر رہے ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو گورنمنٹ گرلز پوسٹ گریجویٹ ڈگری کالج کوئٹہ میں طالبات کو لیپ ٹاپ فراہمی کی پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان نے گرلز کالج میں بائی ٹیک لیب کے قیام، بچیوں کو 50 پنک اسکوٹیز اور میرٹ پر مزید لیپ ٹاپ کی فراہمی کا اعلان بھی کیا تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کی بچیوں کو خود اعتماد بنا کر انہیں تعلیم و ترقی کے اعلیٰ مواقع دیا جا رہا ہے۔

کوئٹہ: وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی گورنمنٹ گرلز پوسٹ گریجویٹ کالج میں منعقدہ تقریب تقسیم لیپ ٹاپ سے خطاب کر رہے ہیں

کوئٹہ: وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی گورنمنٹ گرلز کالج کی طالبات میں لیپ ٹاپ تقسیم کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Balochistan Times
92 NEWS MEDIA GROUP
Founded by Syed Faseih Iqbal in 1
balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes
Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 905 QUETTA Saturday November 02, 2024 /Rabi' al-Thani 29, 1446

Balochistan's vision for progress

Bugti outlines priorities for education, healthcare, economic development

Staff Report

QUETTA: Chief Minister of Balochistan, Mir Sarfaraz Bugti said the terrorists once against attacked innocent children deeming them as a soft target, however, he reaffirmed his commitment to safeguarding educational institutions and to prevent them from being intimidated into closure.

He assured that talented students from Balochistan would receive educational opportunities at prestigious global institutions even in the face of adversity. Addressing the prestigious ceremony of providing laptops to the students, on this occasion, the Chief Minister of Balochistan also announced the establishment of a hi-tech lab in the girls college, provision of 50 pink Scotties and more laptops on merit to the girls. CM Bugti said that they wanted to give the girls of Balochistan high opportunities for education and development, adding forty days ago, we announced the provision of laptops to female students and today, we honoured the promise.

"We wish that this institution will become an ideal educational institution of the province. Work hard and strive hard for your bright future and make the name of Pakistan and Balochistan shine all over the world," CM Bugti said.

He stated that they were misleading the youth and filling them with poison against the state and making them commit suicide. It is up to the people and youth of Balochistan to decide what kind of future they want. We will defeat the terrorists through education and awareness in response to the Mastung incident. Every female student should send a clear message that the youth of Balochistan reject terrorism and condemn all such subversive activities, he vowed.

CM stated that Benazir Bhutto Scholarship program has been started for the first time for educational development in Balochistan under which students from matriculation to PhD are being provided ample opportunities for higher education. In this program, an extraordinary quota has been allocated for civilian martyrs and minorities, he added. Bugti said that the biggest problem of Balochistan was corruption; they had to stop bribery and corruption and deliver the fruits of development to the common Balochistan, adding that by restoring public trust in government institutions through good governance, a sustainable solution to the problems is possible. "On the first day, we made it clear on the assembly floor that no job will be sold in Balochistan and we are sticking to our firm commitment and we are trying hard to make the measures to prevent corruption," he vowed. Bugti said that the day will come when the CM Balochistan will be a woman.

QUETTA: Chief Minister of Balochistan Mir Sarfaraz Bugti addressing a laptop distribution ceremony at Govt Girls Post Graduate College on Friday.

CamScanner

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily
8
FOUNDED BY SIDDIQ BALUCH
Page No. 14
Balochistan Express
Quetta

CM pledges commitment to education, condemns terrorism in Balochistan

By Our Reporter

QUETTA: Chief Minister of Balochistan, Mir Sarfaraz Bugti, has expressed deep sorrow over the recent terrorist attack targeting innocent children. He affirmed that such attacks have only strengthened the government's resolve to eliminate terrorism in Balochistan. Bugti reassured that these cowardly acts will not disrupt educational progress in the province. Speaking at a ceremony at Government Girls Post Graduate Degree College Quetta, where laptops were distributed to students, the Chief Minister pledged to provide promising students from Balochistan with opportunities to study at esteemed institutions worldwide.

At the event, Bugti announced several educational initiatives, including the establishment of a high-tech lab at the college, the distribution of 50 "Pink Scooties" to female students, and additional laptops to be awarded based on merit. Addressing the students, he emphasized the government's commitment to empowering the young women of Balochistan, enhancing their confidence, and providing pathways for education and personal development. Bugti highlighted the government's fulfillment of a promise made 40 days ago to distribute laptops and revealed that construction would soon begin on a faculty block named after Professor Nazma Talib, which is set to be completed within a year.

The Chief Minister shared his vision for the college to become a model educational institution, pledging full governmental support. He encouraged students to work diligently and represent Pakistan and Balochistan on a global stage. Bugti condemned efforts by terrorist groups to mislead the youth and urged the young generation to choose a future built on education and progress. He stressed that the government is committed to overcoming terrorism through education and public awareness.

Addressing the recent Mastung incident, Bugti called for unity among students in rejecting terrorism and warned of attempts by external forces to mislead Baloch youth through social media, referencing false rumors spread during the Shanghai Cooperation Organization conference. Bugti also announced the launch of the Benazir Bhutto Scholarship Program in Balochistan, a pioneering initiative that provides educational support from matriculation to Ph.D. levels.

The program includes special quotas for the families of civilian martyrs and minorities. Although leadership may change over the years, he emphasized that the program will continue to help Baloch students pursue their education worldwide.

Acknowledging the issue of corruption in Balochistan, the Chief Minister called for efforts to eliminate bribery and ensure that development benefits reach the public. He reaffirmed the government's commitment to good governance, adding that public trust in institutions is essential for sustainable solutions.

He reminded the assembly that, as previously promised, job positions would no longer be sold, and the fight against corruption is ongoing.

Looking ahead, Bugti shared his hopes for a bright future for female students in Balochistan, noting that currently, five deputy commissioners and one assistant commissioner in the province are women who have proven to be effective administrators. He expressed his belief that one day Balochistan could even see a female Chief Minister.

Concluding the event, Chief Minister Bugti presented laptops to top-performing students and recognized Raheela Ramzan, the former head of the institution, for her significant contributions to education, awarding her a laptop as well. The students expressed gratitude for the laptops, "Pink Scooties," and other initiatives, describing these measures as historic steps in advancing women's education in Balochistan.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated 02 NOV 2024

Page No. 6

معصوم بچوں اور شہریوں کو نشانہ بنانے والے انسان کہلانے کے لائق نہیں، محمد خان لہڑی

سیکورٹی فورسز، پولیس، لیویز کے جوانوں اور عام شہری وطن عزیز کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کررہے ہیں

مستونگ واقعہ کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے، بزدلانہ حملہ کرنے والے انسانیت کے دشمن ہیں، پارلیمانی سیکرٹری

نصیرآباد (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ ن بلوچستان کے رکن صوبائی اسمبلی پارلیمانی سیکرٹری برائے [illegible] محمد خان لہڑی اور مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما سابق صوبائی وزیر میر عبدالغفور لہڑی نے اپنے ایک مشترکہ مذمتی بیان میں مستونگ میں بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے دہشت گردوں کی جانب سے سکول کے معصوم بچے بچیوں عام شہریوں اور پولیس اہلکاران کو نشانہ بنانے کے واقعہ کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے انہوں نے مستونگ بم دھماکے میں شہادت نوش کرنے والے اور زخمی ہونے والے بچوں اور دیگر افراد کے واقعہ پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے انہوں نے کہا کہ معصوم بچوں، پولیس اہلکاران اور شہریوں کو دہشتگردی کے ذریعے نشانہ بنانے والے انسانیت کہلانے کے لائق نہیں ہیں بزدلانہ دہشت گردانہ حملہ کرنے والے انسانیت کے دشمن ہیں کیونکہ دہشت گردوں کا کوئی مذہب نہیں ہوتا ہے انہوں نے مزید کہا کہ جمعہ مبارک کے دن دہشتگردی کا واقعہ افسوسناک ہے جو کہ قیمتی انسانی جانوں کو خون میں نہلایا گیا انہوں نے کہا کہ شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائینگی جو کہ ہمارے سیکورٹی فورسز، پولیس، لیویز کے جوانوں اور عام شہری وطن عزیز کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کررہے ہیں اللہ تعالیٰ شہداء کی مغفرت فرمائے انہوں نے کہا کہ شہید ہونے والے بچوں بچیوں اور پولیس اہلکاروں اور عام شہریوں کی لواحقین سے اظہار ہمدردی کرتے ہیں ہم اس غم کی گھڑی میں ان کے غم اور دکھ میں برابر کے شریک ہیں اللہ تعالیٰ شہداء کے لواحقین کو صبر وجمیل عطا فرمائیں۔

سکول کی معصوم بچیوں کو نشانہ بنانا انتہائی سفاکانہ بزدلانہ اقدام ہے، ولی محمد نورزئی

ایسے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں جو انسانیت سے گر رہے ہیں، ایسے گھناؤنے عمل کی کسی بھی معاشرے میں اجازت نہیں ہے

پوری قوم دہشت گردی کے خاتمے کے لئے اپنی سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والوں اداروں کے ساتھ کھڑی ہے، پارلیمانی سیکرٹری

کوئٹہ (آن لائن) پارلیمانی سیکرٹری برائے سوشل ویلفیئر حاجی ولی محمد خان نورزئی نے بلوچستان کے ضلع مستونگ میں ہونے والے بم دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے سکول کے معصوم بچے اور بچیوں کو نشانہ بنانا انتہائی سفاکانہ اور بزدلانہ اقدام ہے ہماری پوری قوم دہشت گردی کے خاتمے کے لیے اپنی سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والوں اداروں کے ساتھ کھڑی ہے انہوں نے کہا کہ ایسے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں جو انسانیت سے گر رہے ہیں ایسے گھناؤنے عمل کی کسی بھی معاشرے میں اجازت نہیں ہے مسلم لیگ (ن) دہشتگردی کے خاتمے کیلئے پرعزم ہے قانون نافذ کرنے والے اداروں اس واقعہ میں ملوث افراد کو جلد سے جلد گرفتار کرکے انصاف کے کٹہرے میں لائیں گے حاجی ولی محمد نورزئی نے مزید کہا کہ اسکول کے معصوم بچے بچیوں اور پولیس اہلکار کی شہادت اور زخمی ہونے پر افسوس کا اظہار کیا معصوم بچوں اور شہریوں کو نشانہ بنانا انسانیت نہیں ہے ہم ان کے غم کی گھڑی میں ان کے غم میں برابر کے شریک ہیں اللہ پاک سے دعا کرتے ہیں کہ اس واقعے میں جو معصوم لوگ شہید ہوئے ہیں ان کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور زخمیوں کو اللہ پاک جلد صحت یاب کریں

جلد خاران ماسٹر پلان کا کام شروع کیا جائے گا، میر شعیب نوشیروانی

میونسپل کمیٹی میں پارٹی بازی نہیں ہونا چاہیے سیاست سے ہٹ کر ہمیں علاقے کی مفاد پر ایک ساتھ ہوکر کام کرنا ہے

میونسپل کمیٹی ملازمین کے حاضری پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کریں شہر کی صفائی پر خاص توجہ دی جائے، صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات

خاران (آئی این پی) صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی سے سرکٹ ہاؤس خاران میں میونسپل کمیٹی خاران کے نو منتخب میونسپل کمیٹی خاران کے چیئرمین میر نورالحق نوشیروانی وائس چیئرمین سردار احسن [illegible] نے ملاقات کی اس موقع پر چیف آفیسر میونسپل کمیٹی خاران طاہر حبیب بھی موجود تھے ملاقات میں صوبائی وزیر میر شعیب جان نوشیروانی کو وفد میں میونسپل کمیٹی نے میونسپل کمیٹی کی کارکردگی و مشکلات وسائل اور مسائل سے متعلق بریف کیا گیا صوبائی وزیر میر شعیب جان نوشیروانی نے کہا کہ سیاست سے ہٹ کر ہمیں علاقے کی مفاد پر ایک ساتھ ہوکر کام کرنا ہے میونسپل کمیٹی میں پارٹی بازی نہیں ہونا چاہیے [illegible] خدمت کریں [illegible] اپنے صوابدیدی اختیارات ہیں وہ اپنے اختیارات کے تحت عوام کی خدمت کریں خاص کر میونسپل کمیٹی ملازمین کے حاضری پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کریں شہر کی صفائی پر خاص توجہ دی جائے [illegible] کے اہم [illegible] ماسٹر پلان [illegible] تمام [illegible] کامیابی کے لئے بھرپور کوشش کریں صوبائی وزیر میر شعیب جان نوشیروانی نے کہا کہ جلد ماسٹر پلان کا کام شروع کیا جائے گا انہوں نے کہا خاران کے لئے ہماری طرف سے تمام [illegible] والی نہیں ہیں بلکہ علاقے کی تعمیر و ترقی اور عوام کی خوشحالی کے لیے ہیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No 1

Dated: 02 NOV 2024

Page No 15

مستونگ دھماکا، زخمیوں کو تمام سہولیات فراہم کی جائینگی، وزیر صحت

دہشتگرد آسان ہدف تلاش کرتے ہیں، دھماکے کی زد میں اسکول کے بچے آئے، میڈیا سے گفتگو

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ مستونگ دھماکے میں زخمیوں کو ٹراما سینٹر میں تمام ممکنہ سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں، دہشت گردی کے خلاف ہر محاذ پر جنگ جاری ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سول ہسپتال کے ٹراما سینٹر کوئٹہ میں مستونگ دھماکے کے زخمیوں کی عیادت اور دھماکے کے اثرات کا جائزہ لینے کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ مستونگ میں صبح سویرے افسوسناک واقعہ پیش آیا جس کا افسوس ہے، اسکول کے بچے دھماکے کی زد میں آئے، دھماکے میں 9 افراد شہید اور 35 افراد زخمی ہوئے، 11 زخمیوں کو ٹراما سینٹر منتقل کیا گیا، جن میں سے کوئی بھی ٹراما سینٹر لایا جا رہا ہے، زخمیوں میں زیادہ تر بچے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد اپنے مذموم مقاصد کیلئے آسان ہدف تلاش کرتے ہیں، دہشت گردی کے خلاف جنگ آپریشن کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے بعض علاقوں میں بھی ٹراما سینٹر بنائے جا رہے ہیں، پرامن بلوچستان ہم سب کی ذمہ داری ہے، اس کیلئے اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔

معصوم لوگوں کو نشانہ بنانا غیر انسانی فعل ہے، سردار بابا عمرانی

اے ووہ ماہ جمالی (نمائندہ) صوبائی مشیر سردار بابا غلام رسول خان عمرانی مستونگ واقعہ پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ معصوم بچوں کو نشانہ بنانے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں، حکومت واقعہ میں ملوث عناصر کو عبرتناک سزا دے گی۔ صوبائی مشیر نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سانحہ مستونگ نے بلوچستان بھر کی فضا سوگوار کر دی ہے، اسکول کے معصوم بچوں اور عام شہریوں کو نشانہ بنانا غیر انسانی عمل ہے۔

علی حسن زہری کا ژوب کی متاثرہ طالبات کی امتحانی فیس ادا کرنیکا اعلان

ایک شخص کی نااہلی کی وجہ سے بچوں کا مستقبل تباہ نہیں ہونے دینگے، صوبائی مشیر کی مستونگ واقعہ کی مذمت

حب (اپ ر) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما صوبائی مشیر برائے صنعت و حرفت میر علی حسن زہری نے گزشتہ دنوں ژوب میں ایک سکول کلرک کی جانب سے 478 طالبات کی امتحانی فیس خورد برد ہو جانے کے بعد پیدا ہونے والی صورتحال کا نوٹس لیتے ہوئے کہا ہے کہ فیس بروقت جمع نہ ہونے کی وجہ سے طالبات کا مستقبل خراب نہیں ہونا چاہیے۔ واقعہ میں ملوث کلرک کو قرار واقعی سزا دی جانی چاہیے تاکہ آئندہ کوئی ایسی گھناؤنی حرکت نہ کر سکے۔ مشیر صنعت و حرفت میر علی حسن زہری نے ذاتی حیثیت میں 15 لاکھ روپے فیس ادا کرنے کا اعلان کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ وہ بلوچستان کی ترقی اور خوشحالی کے لئے اور طلبہ و طالبات کی بہتر تعلیم کے لئے ہر ممکن اقدامات کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ طلباء کے مستقبل سے کھیلنے والے افراد کسی رعایت کے مستحق نہیں، کسی ایک فرد کی نااہلی کی وجہ سے ہم اپنے بچوں کے مستقبل کو خراب نہیں ہونے دیں گے۔ دریں اثناء صوبائی مشیر علی حسن زہری نے مستونگ دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ اپنے مذمتی بیان میں معصوم جانوں کے ضیاع پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے واقعہ کو دہشت گردوں کی بزدلانہ کارروائی قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ دھماکے میں معصوم بچوں، پولیس اہلکار و دیگر کی شہادت انتہائی افسوسناک ہے۔ معصوم شہریوں کو نشانہ بنانا کسی طور پر قابل قبول نہیں۔ مستونگ دھماکے میں بچوں کی شہادت دلخراش ہے۔ انہوں نے طبی عملے کو ہدایات دیں کہ زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں۔ انہوں نے لواحقین کے ساتھ دلی اظہار تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت اور ورکرز شہداء اور زخمیوں کے لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کی بزدلانہ کارروائیاں حکومت کے بلوچستان میں علم و ترقی کے ارادے کے عزم کو متزلزل نہیں کر سکتیں۔ دہشتگرد اور امن کے دشمن اور ان کے پس پردہ عناصر جان لیں کہ ملک دشمن عناصر بلوچستان میں امن قائم ہو۔ انہوں نے دہشت گردوں کو متنبہ کیا کہ معصوم لوگوں کے خون کے ایک ایک قطرے کا حساب لیا جائے گا۔ انہوں نے دعا کی اللہ تعالیٰ شہداء کو اپنے جوار رحمت میں جگہ اور زخمیوں کو جلد صحتیابی نصیب فرمائے۔

معصوم بچوں کو نشانہ بنانے والے ناکام رہینگے، علی مدد جتک

قبائلی روایات میں بھی خواتین اور بچوں کو نشانہ نہیں بنایا جاتا، مستونگ دھماکے کی مذمت

کوئٹہ (خ ن) وزیر زراعت حاجی میر علی مدد جتک نے مستونگ سانحہ کو بلوچستان کا سب سے دلخراش واقعہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اسکول کے طلباء کو نشانہ بنانا تعلیم دشمنی کا منہ بولتا ثبوت ہے، قبائلی روایات میں خواتین اور بچوں کو کسی صورت نشانہ نہیں بنایا جاتا، دشمن عناصر اپنے بیرونی آقاؤں کو خوش کرنے کے لیے جو گھناؤنا کھیل کھیل رہے ہیں انہیں ناکامی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ انہوں نے شہداء کے لواحقین سے تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ حکومت زخمیوں کے علاج میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کرے گی۔

MASHRIQ QUETTA

مستونگ واقعہ دلخراش، تعلیم و قوم دشمنی پر مبنی بزدلانہ فعل ہے، صوبائی وزراء

قبائل میں خواتین و بچوں کو کسی صورت نشانہ نہیں بنایا جاتا یہ ہماری روایات کے برعکس ہے، علی مدد جتک، سردار مسعود لونی، زرک مندوخیل

دشمن عناصر بیرونی آقاؤں کو خوش کرنے کیلئے جو گھناؤنا کھیل کھیل رہے ہیں انہیں بھرپور ناکامی کا سامنا کرنا پڑیگا، حاجی محمد خان طور اتمانخیل، سلیم کھوسہ

دہشتگرد عناصر کے مذموم عزائم بلوچستان میں امن و امان خراب کرنا اور ترقی کے سفر کو روکنا ہے، شعیب نوشیروانی، ڈاکٹر ربابہ بلیدی

کوئٹہ (خ ن) اے این این صوبائی وزراء، پارلیمانی لیڈر میر سلیم کھوسہ، پاکستان پیپلز پارٹی کے ایگزیکٹو کمیٹی کے .... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7

رکن صوبائی وزیر حاجی میر علی مدد جتک، پارلیمانی سیکرٹری سردار مسعود خان لونی اور اراکین اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل، حاجی محمد خان طور اتمانخیل نے مستونگ سانحہ کو دلخراش اور افسوسناک واقعہ قرار دیتے ہوئے سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ اسکول کے طلباء کو نشانہ بنانا تعلیم اور قوم دشمنی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ قبائلی روایات میں خواتین اور بچوں کو کسی صورت نشانہ نہیں بنایا جاتا یہ ہماری روایات کے برعکس ہے، دشمن عناصر اپنے بیرونی آقاؤں کو خوش کرنے کیلئے جو گھناؤنا کھیل کھیل رہے ہیں انہیں بھرپور ناکامی کا سامنا کرنا پڑے گا اور وہ قانون کی گرفت سے کسی صورت نہیں بچ پائیں گے۔ انہوں نے شہید ہونے والے بچے بچیوں اور پولیس اہلکار کے لواحقین سے اظہار ہمدردی کرتے ہوئے کہا کہ ہم اس غم کی گھڑی میں ان کے ساتھ شریک ہیں۔ انہوں نے ہسپتال کے عملے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ زخمیوں

سے علاج معالجے میں کسی بھی کمی کی مذمت کی جائے ان شاء اللہ جلد دہشت گردوں کو گرفتار کر کے کیفر کردار تک پہنچائیں گے۔ دریں اثناء صوبائی وزیر خزانہ و منصوبہ بندی میر شعیب نوشیروانی نے مستونگ میں سکول کے قریب بم دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ دھماکے کے نتیجے میں طلباء و دیگر لوگوں کی شہادت پر افسوس ہوا۔ انہوں نے کہا کہ معصوم بچوں اور شہریوں کو قتل کرنے والے دہشت گرد انسان کہلانے کے لائق ہی نہیں۔

کوشش ہے ٹیکس نیٹ میں اضافہ کریں، مفت میں حکومت نہیں چلا سکتے، احسن اقبال

بلوچستان میں پی ایس ڈی پی کے 1429 ارب کے 200 منصوبے جاری ہیں، 30 جون 2024 تک 381.2 ارب کے اخراجات ہوئے

اپنی قومی ذمہ داری سمجھتے بلوچستان کو حصے سے زیادہ دیا جائے، صوبے کا کوئی منصوبہ کمیشن میں آتا ہے تو تیزی سے منظور کرتے ہیں، وفاقی وزیر

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کوشش ہے ٹیکس نیٹ میں اضافہ کیا جائے کیونکہ مفت میں حکومت نہیں چلا سکتے۔ سینیٹ اجلاس میں وزارت منصوبہ بندی کی جانب سے پیش کیے گئے تحریری جواب میں بتایا گیا بلوچستان میں پی ایس ڈی پی کے 1429 ارب روپے کے 200 منصوبے جاری ہیں، 30 جون 2024 تک 381.2 ارب روپے کے اخراجات ہوئے .... بقیہ 78 صفحہ نمبر 7

جبکہ سال 2024-25 کے دوران پی ایس ڈی پی کیلئے 130 ارب مختص کیے گئے۔ وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا اپنی قومی ذمہ داری سمجھتے ہیں بلوچستان کو حصے سے زیادہ دیا جائے۔ 2022 میں بلوچستان کی پی ایس ڈی پی کے 84 ارب کی مختص رقم بجٹ میں بڑھا کر 126 ارب روپے کی، جب بلوچستان کا کوئی منصوبہ کمیشن میں آتا ہے تو تیزی سے منظور کرتے ہیں۔ احسن اقبال نے کہا وفاق کے محاصل میں 10 ہزار ارب روپیہ آتا ہے اور قرضوں کی ادائیگی بھی 10 ہزار ارب سے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.

Dated 02 NOV 2024 Page No.

بم پولیس کی گاڑی کو نشانہ بنانے کیلئے موٹر سائیکل میں نصب کیا گیا تھا، شہید ہونیوالوں میں ایک پولیس اہلکار، بینک منیجر اور راہگیر بھی شامل

مستونگ گرلز سکول کے قریب دھماکہ 5 بچیوں سمیت 9 افراد شہید

صدر، وزیراعظم اور وزیر داخلہ کی مذمت

جمعہ کی صبح مستونگ میں بمقام قریب سول ہسپتال و گرلز ہائی سکول کے قریب موٹر سائیکل میں نصب بم کے ذریعے پولیس کی گاڑی کو نشانہ بنایا، دھماکہ اتنا شدید تھا قریبی عمارتوں کے شیشے ٹوٹ گئے

پولیس و سکول لے جانے والی وین بم دھماکے کی زد میں آگئی، دھماکے کی اطلاع ملتے ہی پولیس، ایف سی اور دیگر اداروں کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی، زخمیوں اور لاشوں کو ہسپتال منتقل کیا

11 زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد کے بعد تشویشناک حالت میں کراچی/کوئٹہ منتقل کر دیا گیا، دھماکے سے پولیس موبائل سمیت متعدد گاڑیوں اور رکشوں کو نقصان پہنچا، ہسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ کر دی گئی

صدر آصف زرداری، وزیراعظم شہباز شریف، وزیر داخلہ محسن نقوی، چاروں صوبوں کے گورنرز وزرائے اعلیٰ، چیئرمین سینیٹ، سپیکر، ڈپٹی سپیکر، سیاسی جماعتوں کے قائدین کی شدید مذمت

کوئٹہ، مستونگ (نمائندہ جنگ، بیورو رپورٹ) مستونگ میں موٹر سائیکل میں نصب بم دھماکے میں پولیس اہلکار اور اسکول کی بچیوں سمیت 9 افراد شہید جبکہ 34 زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق جمعہ کی صبح مستونگ میں بمعلوم افراد نے سول ہسپتال اور گرلز ہائی اسکول کے ...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

قریب موٹر سائیکل میں نصب بم کے ذریعے پولیس کی گاڑی کو نشانہ بنایا دھماکے کی زد میں آکر 1 پولیس اہلکار اور 5 بچیوں سمیت 9 افراد پولیس اہلکار محمد حنیفہ ذوقی، محمد حبیب ولد محمد انور، سمیع اللہ ولد امان اللہ، منتی اللہ ولد امان اللہ، بی بی خیرالنساء ولد عبدالرحمن شہید جبکہ بچیوں سمیت 34 افراد زخمی ہوگئے۔ حمزہ ولد ڈاکٹر محمد حسین، عبدالرزاق ولد حاجی محمد بخش، شاہ علی ولد محمد شفیع، نذیر ولد امین اللہ، عبدالرزاق، حبیب اللہ ولد شکر خان، حاجی محمد، محمد عرفان، اختر علی، اللہ داد احمد ولد محمد رمضان، انیس الرحمن ولد محمد حیات، شاہ احمد ولد عبدالکریم، محمد حسین ولد محمد علی، بی بی سقاء دختر محمد اسماعیل، ایمان علی ولد محمد حنیف، نوراللہ ولد شاہ اللہ، محمد اقبال ولد سوہر خان، عبدالقدیر ولد غلام مصطفیٰ، بی بی زتیرہ دختر عزیز اللہ، بی بی قیصرہ دختر عزیز اللہ، بی بی رحیمہ دختر حاجی میر احمد، بی بی ارم دختر شبیر احمد ترین، امجد شبیر ولد احمد ترین، عائشہ دختر یاسر احمد، حاجی ام ارم، تنویر ولد حاجی عبدالقیوم، حبیب ولد محمد انور، سمیع اللہ ولد امان اللہ، منیع اللہ ولد امان اللہ، خیرالنساء دختر عبدالستار، حاکم علی ولد مولا بخش جن میں سے 11 زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد کے بعد تشویشناک حالت میں کراچی/کوئٹہ منتقل کر دیا گیا جن میں سے 4 کو بعد ازاں سی ایم ایچ منتقل کر دیا گیا۔ دھماکے سے پولیس موبائل سمیت متعدد گاڑیوں، رکشوں اور اسکول کی عمارت کو نقصان پہنچا۔ دھماکے کی اطلاع ملتے ہی پولیس، ایف سی اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی اور علاقے کو گھیرے میں لے کر زخمیوں اور لاشوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس اور بم ڈسپوزل کے عملے نے مزید تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ دھماکے کی اطلاع ملتے ہی صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے سول ہسپتال کوئٹہ اور بولان میڈیکل ہسپتال میں ایمرجنسی نافذ کر کے ڈاکٹروں، پیرامیڈیکل اسٹاف اور دیگر عملے کو ڈیوٹیوں پر طلب کر لیا گیا۔

صبح ساڑھے 8 بجے پولیو ٹیم کی سیکورٹی پر مامور پولیس وین کو ریموٹ کنٹرول بم سے اڑا دیا گیا

مستونگ اسکول کے قریب دھماکہ طلباء سمیت 9 جاں بحق

35 زخمی

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: روزنامہ آزادی

Bullet No. 1

Dated: 02 NOV 2024 Page No. 10

مستونگ دھماکہ کی مذمت، شہداء کا خون رائیگاں نہیں جائیگا

سماج دشمن عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں، جعفر مندوخیل، بے گناہ افراد کے خون کا حساب لیں گے، سرفراز بگٹی

معصوم بچوں اور شہریوں کو قتل کرنے والے دہشت گرد انسان کہنے کے مستحق نہیں، صوبائی وزراء

